## ہدایات برائے استعمال
## ®Ponseti لائٹ پاؤں کے زاویاتی انحراف (مرکز سے غیرمعمولی فاصلہ) (Abduction) کی بریسنگ (FAB) پر مبنی سسٹم
## ®Ponseti لائٹ بوٹس
## ®Ponseti لائٹ بار

**شائع کردہ: 2023**

**مطلوبہ استعمال اور اشارات**

®Ponseti لائٹ FAB کا مقصد اسے ان بچوں کے لیے استعمال کرنا ہے جن کے ٹیڑھے پاؤں کو Ponseti طریقہ علاج سے درست کیا جا رہا ہو۔

®Ponseti لائٹ FAB سسٹم ®Ponseti لائٹ بار اور ®Ponseti لائٹ بوٹ پر مشتمل ہے۔

®Ponseti لائٹ FAB کا مقصد درست شدہ ٹیڑھے پاؤں کی مجوزہ چوڑائی اور رخ بندی کا نظم کرنا ہے۔ مطابقت پذیر چوڑائی کے بار پر مبنی سسٹم معالجے کے منصوبے کے دوران مریضوں کو سہولت پہنچانے کے لیے متعدد کلپ لوکیشنز کا استعمال کرتا ہے اور "کوئک کلپ" سسٹم کے ذریعے ®Ponseti لائٹ بوٹس کے کلپس کو باآسانی آن اور آف کرتا ہے۔ ظہری خمیدگی (عضو کا غیرمعمولی طور پر عقبی جانب مڑا ہونا) (Dorsiflexion) اور عضو کے زاویاتی انحراف کو منضبط کردہ کوئک کلپ کے ساتھ 10 اور 15 ڈگریز پر کنٹرول کیا جا سکتا ہے۔ یہ سسٹم استعمال میں زیادہ آسانی فراہم کرتا ہے۔

®Ponseti لائٹ پاؤں کے زاویاتی انحراف کے فیتے (FAB) کا مقصد نومولود بچوں اور آٹھ برس یا اس سے کم عمر کے بچوں میں پیدائشی پاؤں کے ٹیڑھے پن کے مرض (CTEV) کی درستگی کے لیے Ponseti طریقہ علاج میں استعمال کیے جانا ہے۔ اس فیتے کا مقصد مرض (ایڑھی کے جوڑ کی بالائی خمیدگی میں تحدید (equinus) اور ایڑھی کی اندر کی جانب غیرمتوازی خمیدگی (varus)) کے واپس لوٹ آنے سے بچاؤ فراہم کرنا ہے۔

**طبی فوائد:**

MD Orthopaedics کا Ponseti لائٹ FAB سسٹم پیدائشی نقص شدہ پاؤں کی بدہیئتی کی ساختی طور پر درست کی گئی پوزیشن کو تب تک برقرار رکھتا ہے جب تک کہ نگہداشتِ صحت کا فراہم کار ڈاکٹر اگناشیو پونسیٹی (Ignacio Ponseti) کے بیان کردہ (Ponseti طریقہ کار) کے مطابق مؤثر تدبیرِ علاج اور کاسٹنگ کے بعد، نقص کے بگڑنے/دوبارہ نمودار ہونے اور/یا جراحتی مداخلت کے نسبتاً کم خطرے کے ساتھ ڈیوائس کی مزید ضرورت نہیں رہنے کی نشاندہی نہ کر دے۔

**تیاری کی معلومات**

MD Orthopaedics, Inc.
604 North Parkway Street
Wayland, IA 52654 USA
www.mdorthopaedics.com
1-877-766-7384

صنعت کار ساز و سامان کی خرابی یا ایسی ذاتی چوٹوں کی صورتوں میں ذمہ دار نہیں ہے جو نامناسب ہینڈلنگ یا ہدایات کی عدم تعمیل کی وجہ سے واقع ہوں۔ ایسی صورتوں میں، وارنٹی کالعدم ہو جائے گی۔ عام استعمال کے تحت Ponseti لائٹ FAB سسٹم کی وارنٹی ایک سال ہے۔ عام استعمال سے مراد ایک واحد صارف کا اسے مطلوبہ استعمال کے مطابق چلانا ہے۔

MD Orthopaedics طبی علاج کے خطرات اور فوائد کے حوالے سے طبی علاج، مشورہ یا تجاویز فراہم نہیں کرتا، بشمول اس علاج کے جو MD Orthopaedics کی مصنوعات پر مشتمل ہوتا ہے۔ ان معلومات کی فراہمی نگہداشت صحت کے صرف اس فراہم کار کی جانب سے کی جانی چاہیئے جو آپ کے بچے کا علاج کر رہا ہو۔ اگر اپنے بچے کے علاج کے حوالے سے آپ کے کوئی سوالات ہیں، تو آپ کے لیے ضروری ہے کہ نگہداشت صحت کے کسی موزوں فراہم کار سے ان سوالات پر گفتگو کی جائے۔

**ہدایات برائے صفائی**

**®Ponseti لائٹ بار**

کسی ہلکے ڈیٹرجنٹ اور گیلے کپڑے کے استعمال سے صاف کیا جائے۔ اسے بھگویا نہ جائے۔

**®Ponseti بوٹس**


ٹھنڈا پانی، اور ہلکا ڈیٹرجنٹ استعمال کرتے ہوئے ہاتھ یا مشین کے ذریعے دھویا جائے۔ ہلکا دھلائی کا چکر استعمال کیا جا سکتا ہے۔ ہوا میں خشک کریں، ڈرائر میں نہ ڈالیں۔ اسے دھوتے ہوئے گرم پانی کے استعمال سے گریز کریں۔

**<u>تیاری کا عمل</u>**

Ponseti لائٹ FAB سسٹم کی ترسیل عام درجہ حرارت پر کی جاتی ہے اور ترسیل یا اسٹوریج کے دوران کوئی خصوصی ہینڈلنگ درکار نہیں ہوتی۔




**مرحلہ 1**



**مرحلہ 2**




**مرحلہ 3**

**نوٹ:** فراہم کار کی شیڈول کردہ تمام اپائنٹمنٹس میں حاضر ہونا ضروری ہے تاکہ یقینی بنایا جا سکے کہ کندھے کی پیمائشیں اور بار کی چوڑائی کی ایڈجسٹمنٹس درست انداز میں مکمل کی گئی ہیں۔


سائز سے متعلق معلومات کے لیے info@mdorthopaedics.com پر ای میل کریں

1. بار کی چوڑائی بچے کے کندھے کی چوڑائی سے مماثل ہونی چاہیئے تاکہ اس بات کا تعین کیا جا سکے کہ کوئک کلپس کو کہاں ہونا چاہیئے۔ کلپس کو اس طرح سے سیٹ کیا جانا چاہیئے کہ بار کی چوڑائی بچے کے کندھوں کی چوڑائی کے برابر - یا اس سے کچھ زیادہ ہی ہو۔
2. کوئک کلپس کو نگہداشت صحت کے فراہم کار کی تجویز کے مطابق مطلوبہ ظہری خمیدگی پر کوئل کلپ میں پیچ لگائیں۔ Phillips #2 ہیڈ پیچ کس کا استعمال کریں تاکہ کوئک کلپ کو بحفاظت بار میں کس سکیں۔
3. بوٹ کو بچے کے پاؤں پر چڑھانے کے لیے بار کو ایک طرف کر دیں۔

**<u>بوٹ سے متعلق ہدایات</u>**




**مرحلہ 1**




**مرحلہ 2**



**مرحلہ 3**




**مرحلہ 4**



**مرحلہ 5**


1.بالائی اسٹریپ کو چمڑے کے ڈھیلے حصے سے گزار کر داخل کریں۔
2.بچے کا پاؤں کھلے بوٹ میں داخل کریں، بکلز کو اندر کی جانب (دوسرے پاؤں کے رخ پر) رکھیں۔
3.اوپر کا اسٹریپ باندھیں اور اس جگہ پر بکل لگائیں۔
4.پاؤں کے اگلے حصے کا اسٹریپ بند کریں، اس دوران یقینی بنائیں کہ بچے کا پاؤں سیدھا رکھا ہو اور پاؤں کی انگلیاں سیدھی ہوں۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ یہ اتنا کسا ہوا ہو کہ بوٹ اپنی جگہ سے نہ ہٹے۔
5.ایڑھی کو مناسب جگہ پر رکھنے کے لیے بوٹ کے عقب میں سوراخ چیک کریں۔

**<u>بوٹ اور بار کو مربوط کرنے کی ہدایات</u>**





مرحلہ 3 مرحلہ 2 مرحلہ 1

1.کلپ کو بوٹ کے تلوے میں داخل کریں۔
2.اس وقت تک دبائیں جب تک آپ کو "کلک" کی آواز نہ سنائی دے۔ بوٹ کو کھینچ کر اس بات کی تصدیق کر لیں کہ کوئک کلپس لگ گئے ہیں تاکہ یقینی بنایا جا سکے کہ یہ بار سے الگ نہ ہو۔
3.بوٹ کو بار سے الگ کرنے کے لیے، بار کو پیچھے کھینچتے ہوئے اس وقت تک پُس (PUSH) کو زور سے دبائیں جب تک یہ نکل کر آزاد نہ ہو جائے۔



مندرجہ بالا تصویر میں بوٹس اور بار کو مکمل طور پر جڑا ہوا دکھایا گیا ہے۔

**<u>توسیعی اجزاء کا اضافہ</u>**



1.توسیعی جزو کو بار کے اوپر رکھیں۔
2.2 پیچوں کو Philips پیچ کس کے ذریعے کسنے کی ضرورت ہو گی۔ یقینی بنائیں کہ پیچ کسے ہوئے ہوں۔
3.توسیعی جزو کو باندھ لینے کے بعد، کلپ کو بار پر مطلوبہ مقام پر رکھیں اور توسیعی جزو پر کوئک کلپ کو کس دیں۔
4.جب کلپ بار پر بندھ جائے تو بوٹ کی ہدایات پر عمل کریں۔

**<u>وابستہ خطرات اور معکوس علامات</u>**

ایسے بوٹس یا بار ہرگز استعمال نہ کریں جو کہیں سے خراب ہوں، ٹوٹے ہوئے ہوں یا ٹھیک سے کام نہ کرتے ہوں۔
Ponseti لائٹ FAB سسٹم کے سلسلے میں تجدید کاری کی تجویز نہیں دی جاتی۔

**<u>استعمال سے متعلق حفاظتی معلومات</u>**

- نگہداشت صحت کے مستند فراہم کار کی ہدایات یا معالجے کے منصوبے پر عمل کریں۔
- اگر بچے کو درد، چھالوں، یا زخموں کا سامنا ہو، یا اگر بوٹ واضح طور پر بچے کے پاؤں سے پھسل رہا ہو، تو فوری طور پر اپنے نگہداشت صحت کے فراہم کار سے رجوع کریں۔
- بوٹس پہنتے وقت جرابیں پہننا ضروری ہے۔

**نوٹ:** جرابوں کا استعمال بوٹ کے پھسلنے، درد ہونے، جلد کے سرخ ہونے، چھالوں، اور زخموں کے خطرے کو کم کرتا ہے۔

- بچوں کو بوٹس اور بار پہن کر نہ تو کھڑے ہونا چاہیئے نہ ہی چلنا چاہیئے۔

اگر کسی صارف اور/یا مریض کو ڈیوائس کے حوالے سے پیش آئے کسی تشویش ناک واقعے کا سامنا ہو، تو اسے MD Orthopaedics, Inc. اور اس مجاز اتھارٹی کو رپورٹ کرنا چاہیئے جس کے دائرہ کار میں صارف اور/یا مریض کو رکھا گیا ہو۔

**<u>محفوظ تلفی</u>**

بوٹس اور بار کو عام کوڑا کرکٹ میں پھینکا جا سکتا ہے۔ اس ڈیوائس کے جزویات میں سے کوئی بھی دوبارہ کارآمد نہیں بنائے جا سکتے۔

**ڈیوائس کا دوبارہ استعمال**

تمام حصہ جات کو استعمال کی عمومی صورتوں میں اور نگہداشت صحت کے فراہم کار کے مشورے کے مطابق استعمال کیے جانے کی غرض سے ڈیزائن کیا گیا تھا۔ عمومی استعمال میں بوٹس اور بار کا یومیہ 23 گھنٹوں تک کا روزانہ استعمال، یا پھر نگہداشت صحت کے فراہم کار کی تجویز کے مطابق استعمال شامل ہے۔

**علاماتی فہرست**

| علامت | معنی | علامت | معنی |
|---|---|---|---|
| | بوٹس | | انتباہ |
| EC REP | یورپی کمیونٹی میں موجود مستند نمائندہ | | تیاری کی تاریخ |
| | صنعت کار | | ریکارڈ درآمد کنندہ |
| | ایک مریض، متعدد استعمال | NON STERILE | غیر سٹیرائل |
| MD | نشاندہی کرتا ہے کہ یہ شے ایک میڈیکل ڈیوائس ہے | REF | کیٹلاگ نمبر |
| CE | CE نشان (یورپی پارلیمنٹ کے ضابطہ (EU) 2017/745 اور 5 اپریل 2017 کو منعقدہ کونسل بسلسلہ طبی ڈیوائسز کے تابع) | LOT | بیچ کوڈ |
| ! | اہم تصور کی جانے والی معلومات، تاہم یہ خطرے سے متعلقہ نہیں | | برقی ہدایات برائے استعمال |
| CH REP | سوئٹزرلینڈ میں موجود مجاز نمائندہ | | |

MD Orthopaedics, Inc.
604 North Parkway Street
Wayland, IA 52654 USA
www.mdorthopaedics.com

MedEnvoy
Prinses Margrietplantsoen 33
Suite 123
2494 AM The Hague
The Netherlands

REP
Emergo Europe B.V.
Westervoortsedijk 60
6827 AT Arnhem
The Netherlands

CH REP
MedEnvoy Switzerland
Gotthardstrasse 28
6302 Zug
Switzerland